© rasailojaraid.com



سید کاشف گیلانی

## نعت

آپ ہیں سید کونین رسول عربی
باعثِ خلقتِ دارین رسول عربی
یہ تو اللہ کو ہے علم کہ میں ہوں دن رات
آپکے ہجر میں بے چین رسولِ عربی
آپکے خون سے روشن ہیں صداقت کے چراغ
آپ کا خون ہیں حسنین رسول عربی
علم اور صبر ہوئے آپ کے اندر یک جا
جس طرح ملتے ہیں بحرین رسول عربی
اپنی جاں بیچ کے مل جائیں تو حاصل کرلوں
آپکے پاؤں کے نعلین رسول عربی
مرتبہ کیسے نہ شیخین کا سمجھے کاشف
آپکے ساتھ ہیں شیخین رسولِ عربی

## نعت

اس نے جو سیکھا وہ جبریل امیں سے سیکھا
ہم نے اخلاق مدینے کے مکیں سے سیکھا
حسن لاشئے ہے جو ہو حسنِ عمل سے عاری
سب حسینوں نے یہ طیبہ کے حسیں سے سیکھا
دین انکا ہے یقیں انکا ہے ایماں انکا
دین جن لوگوں نے ہے خود شہہ دیں سے سیکھا
اس کو نیکی نہ سمجھ ایسا عمل ہے بے کار
جو عمل ان کے سوا اور کہیں سے سیکھا
نعت کہنے پہ طبعیت جو ہوئی ہے مائل
ڈھب یہ کاشف نے حقیقت میں امیں سے سیکھا

© rasailojaraid.com